ملفوظاتِ آزاد

مرتبہ

محمد اجمل خاں

شیخ غلام محمد اینڈ سنز تاجران کتب
مائسمہ بازار امیراکدل سرینگر کشمیر

شاہین بک اسٹال۔ سرینگر

باجازت حالی پبلشنگ ہاؤس دہلی

قیمت تین روپے آٹھ آنے

GOVT GIRLS COLLEGE
SRINAGAR
ACC. NO 8118
LIBRARY

866
K52SM

یونین پریس - دہلی

آنکھوں کو انتظار نے بیمار کر دیا۔ براہ عنایت ایک کتاب مدلل اور مفصل ایسی لکھ دیں جس کے بعد روز روز آپ کے پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کو کسی تردید کی ضرورت پیش نہ آئے۔ کیا معنی یہ مرزائی لوگ آپ کی طرف مختلف معاملات منسوب کرتے رہتے ہیں اور بعض حوالہ جات بھی دیتے رہتے ہیں مثلاً تذکرہ وکیل وغیرہ۔ کبھی کہتے ہیں مولانا وفاتِ مسیحؑ کے قائل ہیں کبھی کہتے ہیں مولانا نے مرزا صاحب کی تعریف کر دی ہے۔ براہ کرم ایسی فیصلہ کن کتاب لکھدیں کہ پھر بولنے کی جرأت نہ رہے اور اس میں یہ بھی درج فرمادیں کہ اس کے ذریعے تمام پرانی تحریریں منسوخ ہیں اور پرانے خیالات بھی تاکہ پرانی باتوں کے ذکر کی گنجائش نہ رہے۔ بینوا وتوجروا

المکلف (ڈاکٹر) انعام اللہ خاں سالاری پنشنر ۱۲۰۱۔ کوچہ خوشی محمد بلوچستان

جواب

وفات مسیحؑ کا ذکر خود قرآن میں ہے۔

مرزا صاحب کی تعریف یا برائی کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا اس لئے کہ ؎

تو برا ہے تو بھلا ہو نہیں سکتا اے ذوقؔ
وہ برا خود ہے کہ جو تجھ کو برا جانتا ہے

○

یکم ذی حجہ ۱۳۷۲ھ